کوئٹہ(خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ژوب کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے کامیاب آپریشن جس میں 15 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا اس پر سیکورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے ملک میں خوارج کی کارروائیوں کا قلع قمع کرنے کے لیے جس عزم کا اظہار کیا ہے اور ان کے خلاف کارروائی کر رہی ہے اس کو ملک بھر کے عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، خصوصاً بلوچستان جس کا امن و امان ان خوارج کے ہاتھوں خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، سیکورٹی اداروں نے کامیاب آپریشن کر کے دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا اور یہ سب بتا دیا کہ بلوچستان میں امن و امان خراب کرنے کی کسی سازش کو کامیاب ہونے نہیں دیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ عوام اپنی دفاعی فورسز کے ساتھ ہیں اور وہ ایسے اقدامات کی حمایت کرتے رہیں گے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ عوام کے تعاون سے سیکورٹی فورسز جلد ہی بلوچستان سے ملک دشمن عناصر کا صفایا کر دیگی۔


MASHRIQ QUETTA


## سب سے زیادہ زرعی قرضے پنجاب نے لئے، بلوچستان کو کم قرضے ملے

**کوٹا نہیں ہے، میرٹ پر مقامی لوگوں کی تعیناتی کو یقینی بنایا 1900 تعیناتیاں گزشتہ 10 سال میں ہوئی ہیں، بریفنگ**

**اسٹیٹ بینک کریڈٹ کمیٹی بنائی گئی، اجلاس میں صوبائی نمائندے، کسان و دیگر اسٹیک ہولڈرز شرکت کرتے ہیں، وزیر خزانہ**

**زرعی ترقیاتی بینک کے فراہم کردہ قرضے 200 ارب ہیں جس میں شرح سود شامل ہے، بینک صدر طاہر یعقوب کی آگاہی**

اسلام آباد(زاہد احمد خان) صدر زیڈ ٹی بی ایل کی سینیٹ قائمہ کمیٹی میں بریفنگ، کے پی اور بلوچستان کو کم قرضے ملنے پر اعتراض۔ زرعی ترقیاتی بینک نے بتایا ہے کہ سب سے زیادہ زرعی قرضے پنجاب میں 124 ارب روپے کے دیے گئے جب کہ بلوچستان میں 2.7 ارب روپے کے قرضے دیے گئے، اطلاعات کے مطابق سینیٹر سلیم مانڈوی والا کے زیر صدارت سینیٹ کی خزانہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے قائمہ کمیٹی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں صدر زرعی ترقیاتی بینک طاہر یعقوب نے کمیٹی کو بریفنگ دی۔ صدر زرعی ترقیاتی بینک (زیڈ ٹی بی ایل) نے بتایا کہ ملازمت کا کوٹا نہیں ہے، میرٹ پر مقامی لوگوں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جاتا ہے، 1900 تعیناتیاں گزشتہ 10 سال میں ہوئی ہیں۔ سینیٹر عبد الشکور نے کہا کہ بلوچستان کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے کیونکہ وہاں غربت زیادہ ہے۔ صدر زیڈ ٹی بی ایل نے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک کے فراہم کردہ قرضے 200 ارب ہیں جس میں شرح سود شامل ہے، سب سے زیادہ پنجاب میں 124 ارب روپے کے قرضے دیے گئے، خیبر پختونخوا میں 5.3 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے گئے، سندھ میں 23 ارب، بلوچستان میں 2.7 ارب، گلگت بلتستان میں 2.6 ارب روپے، آزاد کشمیر میں 60 کروڑ روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے گئے۔ سینیٹر محسن عزیز نے پوچھا کہ خیبر پختونخوا کو قرض فراہم کرنے میں پیچھے کیوں رکھا ہے؟۔

## تعلیم کے شعبے میں بہت کام کرنے ضرورت ہے، راحیلہ درانی

**مستقبل میں نسلوں کی تعمیر کے لیے مکمل تربیت یافتہ اساتذہ کا کردار اہم ہے، وزیر تعلیم**

**ویمن یونیورسٹی میں تقریب، پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ڈاکٹر راحیلہ منظور و دیگر کا خطاب**

کوئٹہ(یو این اے) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے پہلے سال میں شروع میں صرف 15 طالبات نے داخلہ لیا تھا آج الحمدللہ طالبات کی تعداد 6 ہزار تک پہنچ گئی ہے ماضی میں تعلیم کے شعبے میں جو ظلم کیا گیا اس کے لیے ہمیں بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے مستقبل میں.........


بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر


نسلوں کی تعمیر کے لیے مکمل تربیت یافتہ اساتذہ چاہتی ہوں ٹریننگ کے لیے عمر کی کوئی حد نہیں ہونی چاہیے سب کو مواقع فراہم کی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو ایس بی کے یونیورسٹی میں نیشنل اکیڈمی آف ہائیر ایجوکیشن این اے ایچ ای پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ڈاکٹر راحیلہ منظور ڈاکٹر طاہرہ مینگل نے بھی خطاب کیا صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی نے کہا کہ سردار بہادر خان یونیورسٹی کو بنانے میں میں نے اہم کردار ادا کیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 2

Daily: INTEKHAB QUETTA

Dated: 12 DEC 2024

Page No. 17


# ریکوڈک کمپنی نے پائیدار کان کنی کی رپورٹ منظوری کیلئے حکام کو جمع کرادی

**ڈھائی سال کے عرصے میں غیر جانبدار ماہرین کی ٹیم نے مقامی کمیونٹی، ماحولیاتی تنظیموں اور اسٹیک ہولڈرز کے مشورے سے سماجی و ماحولیاتی رپورٹ مکمل کی**

**مذکورہ رپورٹ میں منصوبے کے ممکنہ ماحولیاتی اور سماجی اثرات جیسے ہوا اور پانی کا معیار، حیاتیاتی تنوع اور مقامی آبادی کی بہبود کا جائزہ لیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے ذمہ دارانہ اور پائیدار کان کنی کے اپنے عزم کے تحت ریکوڈک منصوبے کے لیے ماحولیاتی اور سماجی اثرات کے جائزے (ESIA) کی رپورٹ مکمل کرلی ہے۔ یہ جامع دستاویز سرکاری حکام کو جائزے اور منظوری کے لیے جمع کرادی گئی ہے۔ یہ رپورٹ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے کہ RDMC کی آپریشنز ماحولیاتی اور سماجی معیارات کے عالمی تقاضوں پر پورا اتریں۔ ڈھائی سال کے عرصے میں غیر جانبدار ماہرین کی ٹیم نے مقامی کمیونٹیز، ماحولیاتی تنظیموں اور حکومتی اسٹیک ہولڈرز کے مشورے سے سماجی اور ماحولیاتی رپورٹ مکمل کیے۔

بقیہ نمبر15 صفحہ 5 پر

اس رپورٹ میں منصوبے کے ممکنہ ماحولیاتی اور سماجی اثرات جیسے ہوا اور پانی کا معیار، حیاتیاتی تنوع اور مقامی آبادیوں کی بہبود کا جائزہ لیا گیا۔ منصوبے کے ڈیزائن میں تخفیفی حکمت عملی بھی شامل ہے۔ ریکوڈک مائننگ کمپنی میں ESIA مینیجر ایشلے پرائس نے کہا، ہم اپنے منصوبے کی پائیدار ترقی کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں اور ESIA کی تکمیل ہماری پروجیکٹ کے آپریشنز کے ماحولیاتی ذمہ داری اور متعلقہ کمیونٹیز کے لیے فوائد کو یقینی بنانے میں ایک بڑا سنگ میل ہے۔ ان مطالعات سے حاصل ہونے والے نتائج میں ایسے حل کے نفاذ میں رہنمائی فراہم کریں گے جو منصوبے کے مثبت اثرات کو بڑھائیں اور ممکنہ منفی نتائج کو کم کریں۔ یہ ESIA رپورٹ بلوچستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2012 اور سندھ ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2014 کے قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔ یہ رپورٹ بین الاقوامی مالیاتی کارپوریشن (IFC) کی ماحولیاتی اور سماجی استحکام کی کارکردگی کے معیارات (2012)، ورلڈ بینک گروپ (WBG) کے ماحولیاتی، صحت اور حفاظتی رہنما اصول، ایکویٹر اصول (EPs) اور گلوبل انڈسٹری اسٹینڈرڈ فار ٹیلنگز مینجمنٹ (GISTM) کی تعمیل بھی کرے گی۔

# ذخیرہ کرنے کے انتظام کا فقدان بلوچستان میں گندم خرابی کی بڑی وجہ قرار

**محکمہ خوراک ہر سال ضرورت کے مطابق 10 لاکھ بوریاں گندم خریدتا ہے، مناسب بندوبست نہ ہونے سے 2 سال بعد خراب ہوجاتی ہے**

**صوبے میں گندم کی سالانہ ضرورت ایک کروڑ 61 لاکھ بوری ہے، گندم اسٹاک کرنے کیلئے 48 گودام بنائے گئے ہیں، حکام**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں محکمہ خوراک ہر سال ضرورت کے مطابق دس لاکھ بوریاں گندم خریدتا ہے لیکن گندم ذخیرہ کرنا کا مناسب انتظام نہ ہونے کی وجہ سے دو سال بعد گندم خراب ہونا شروع ہوجاتی ہے، صوبے میں گندم کی سالانہ ضرورت 1 کروڑ 61 لاکھ بوری ہے تاہم صوبے میں 1 کروڑ 20 لاکھ بوری گندم پیدا ہوتی ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق بلوچستان کی ایک کروڑ 48 لاکھ آبادی کیلئے روزانہ سو کلو والی 53 ہزار بوری اور سالانہ ایک کروڑ 61 لاکھ بوری آٹے کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ صوبے میں سالانہ ایک کروڑ 20 لاکھ بوری گندم پیدا ہوتی ہے 41 لاکھ بوری آٹے کی کمی کو سندھ اور

بقیہ نمبر31 صفحہ 5 پر

پنجاب سے آٹا منگوا کر پورا کیا جاتا ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق محکمہ خوراک ہر سال دس لاکھ بوری گندم خرید کر اسٹاک کرتا ہے جو آف سیزن میں فلور ملز مالکان کو دیا جاتا ہے ان گندم کو اسٹاک کرنے کیلئے 48 گودام بنائے گئے جہاں دس لاکھ گندم اسٹاک کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق صوبے میں 65 فلور ملز ہیں جن میں سے صرف 35 فعال ہیں جبکہ 318 چکیاں ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 12 DEC 2024 Page No. 8


## پی پی ایچ آئی پسنی کے تحت آگاہی سیشن کا انعقاد

**ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی پابندی اور حادثات کی روک تھام سے متعلق آگاہی دی گئی**

گوادر/پسنی (خ ن) پی پی ایچ آئی ایمرجنسی رسپانس سینٹر (ای آر سی) پسنی کی ٹیم نے پسنی زیرو پوائنٹ پر ڈرائیورز (بس، ٹرک، مزدا اور کار) کے لیے ایک جامع آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد روڈ سیفٹی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیشن کے دوران ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی پابندی، حادثات کی روک تھام، اور ہنگامی صورتحال میں فوری امداد فراہم کرنے کے طریقوں کے بارے میں معلومات دی گئیں۔ اس موقع پر ڈرائیورز میں فرسٹ ایڈ کٹس، آگاہی کتابچے، اور مکران کوسٹل ہائی وے پر قائم ای آر سی ریسکیو سینٹر کے ہنگامی رابطہ نمبرز بھی تقسیم کیے گئے تاکہ کسی بھی حادثے کی صورت میں فوری مدد فراہم کی جا سکے۔ سیشن کی قیادت حاجی خان بلوچ، پی سی ای آر سی لسبیلہ اور گوادر نے کی، جنہوں نے اس اہم اقدام کی نگرانی کرتے ہوئے ڈرائیورز کو محفوظ ڈرائیونگ اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر زور دیا۔ یہ اقدام پی پی ایچ آئی کی جانب سے عوامی خدمت اور محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

## پولیو مہم کے دوران غفلت برداشت نہیں ہوگی، ڈی سی کوئٹہ

**فرائض میں سستی برتنے والے اہلکاروں کیخلاف تادیبی کارروائی کی جائیگی، سعد بن اسعد**

**ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس، فیک کوریجز پر کمیٹی تشکیل دیدی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ای پی آئی ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او کوئٹہ، پولیو کے آفیسران پولیس ڈیپارٹمنٹ کے نمائندوں اور ای پی آئی، یونیسف اور ای پی آئی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ پولیو اور ویکسینیشن مہم کی رپورٹ پیش کی گئی۔ جس میں زیرو ڈوز کوریج، ریفوزل کوریج، ہیپاٹائٹس، ہیپاٹائٹس، ایم آئی ایس اور اسٹاف کی شفلنگ کے بارے تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ایم اینڈ ای کوارڈینیٹرز سے فرداً فرداً رپورٹ طلب کی۔ اس دوران ویکسینیشن مہم کے دوران سستی برتنے اور کوریج پر برہمی کا اظہار کیا تمام ٹیم ممبران کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ دوران کمپین کسی قسم کی غفلت ناقابل برداشت ہوگی اجلاس میں فیک کوریجز پر ڈپٹی کمشنر نے ایک کمیٹی تشکیل دے دی جو کہ جانچ پڑتال کریگی۔ اجلاس میں ٹیموں کو درپیش سکیورٹی مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل کی گئی۔ اجلاس میں ان علاقوں کی بھی رپورٹ پیش کی گئی جن علاقوں میں ٹیمیں نہیں جاسکی جن میں زڑخو، ڈگاری سرنج اور پنجپائی شامل ہیں۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فرائض میں سستی برتنے والے اہلکاران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائیگی۔ کمپین کے دوران کوئی سستی و کوتاہی قابل قبول نہیں ہے اور جو ٹیمیں بہترین کام سرانجام دیں انکو کارکردگی سرٹیفیکیٹ دیے جائیں گے۔ جو ٹیمیں کام نہیں کریگیں ان کے خلاف ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے تحت سخت کارروائی کی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ کمپین میں تسلی بخش رپورٹ پیش کی جائے بصورت دیگر بالا احکام کو لکھا جائیگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 12 DEC 2024 Page No. 20

## خضدار میں فائرنگ، لیویز رسالدار شہید

خضدار (نامہ نگار) خضدار میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے لیویز رسالدار شہید ہو گیا پولیس کے مطابق بدھ کو لیویز فورس کے رسالدار عبدالحفیظ کرد گھر سے سرکاری ڈیوٹی دینے کیلئے جا رہے تھے کہ کرخ روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ان کی گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہو گئے لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی۔

## بارودی مواد پھٹنے سے باپ بیٹا زخمی

کوہلو (آئی این پی) کاہان میں بارودی سرنگ دھماکے میں باپ بیٹا زخمی ہو گئے ہیں اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے علاقے کاہان میں ایک دکان کے قریب نصب بارودی مواد پھٹنے سے کاموخان اور اس کا بیٹا موسیٰ زخمی ہو گئے ہیں جنہیں قریبی اسپتال میں طبی امداد کے بعد ڈیرہ غازی خان ریفر کر دیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# میزئی اڈہ میں دھماکہ، 2 افراد ہلاک، کوہلو دھماکے میں باپ بیٹا زخمی، خضدار میں لیویز رسالدار قتل

دھماکہ ریموٹ کنٹرول بم سے کیا گیا، دونوں افراد کی نعشیں ٹراما سینٹر میزئی اڈہ منتقل، سیکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیر لیا

خضدار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ لیویز نائب رسالدار عبدالعزیز کرد جاں بحق، نامعلوم افراد فرار ہو گئے

کوہلو کے علاقے کاہان میں دھماکہ، باپ بیٹا زخمی ہو گئے، خاران میں فائرنگ کے واقعات لیویز اہلکار سمیت 2 زخمی

اندرون بلوچستان (نامہ نگاران) میزئی اڈہ سول اسپتال کے قریب باغ میں موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا بم دھماکے سے پھٹ گیا جس سے موقع پر موجود دو نامعلوم افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے لاشوں کو ٹراما سینٹر میزئی اڈہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا لیویز فورس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کل 8 دسمبر ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible] قلعہ عبداللہ کے قریب محمد علی باوزئی پر لیویز کی گشتی گاڑی پر بھی ریموٹ کنٹرول بم حملہ ہوا جس سے لیویز فورس کی گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم لیویز فورس کے اہلکار محفوظ رہے تھے گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ میں یہ چھوٹا بم دھماکہ ہےخضدار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ لیویز نائب رسالدار جاں بحق تفصیلات کے مطابق خضدار میونسپل کارپوریشن خضدار کے ایریا میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے لیویز نائب رسالدار عبدالحفیظ کرد موقع پر جاں بحق مسلح افراد موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب خضدار پولیس قتل کے متعلق تحقیقات کر رہی ہے۔) بلوچستان کے ضلع خاران میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں لیویز اہلکار سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خاران کے گواش نوہ ملک ایریا میں مسلح افراد کی فائرنگ سے لیویز ملازم محمد نصیر زخمی ہو گیا جسے ڈی ایچ کیو ہسپتال خاران میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں مزید کارروائی جاری ہے۔ دریں اثناء خاران میں ہشودی کلی ابدازئی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے محمد موسیٰ محمد حسنی زخمی ہو گئے ہیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال خاران منتقل کر کے طبی امداد دی جا رہی ہے دونوں واقعات سے متعلق تحقیقات کی جا رہی ہے۔ ضلع کوہلو کے علاقے کاہان میں دھماکہ، باپ بیٹا زخمی ہو گئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5

Dated: 12 DEC 2024

Page No 21

## کوئٹہ میں مہنگائی کا جن بے قابو، سبزیاں پھل مہنگے، شہری ریٹ سن کر پریشان

**چاول، بند گوبھی 100 روپے، مٹر 300 روپے، کدو 120 روپے، توری 200 روپے، کریلا 160 روپے میں فروخت**

**ٹماٹر 200 روپے، آلو 120 سے 150 روپے فی کلو، پیاز 100 سے 120 روپے، لہسن 650 روپے کلو ہو گیا**

**سیب 300 روپے، کیلا 100 روپے، امرود 150 روپے، لیموں 150 روپے میں فروخت، کوئی پوچھنے والا نہیں، شہری**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کی وجہ سے لوگوں کی قوت خرید نے جواب دے دی، اشیاء خوردونوش، سبزیاں، پھل سمیت دیگر ضرورت کا سامان لوگوں کے پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے، دکانداروں، سبزی، دودھ، گوشت فروشوں نے اپنی مرضی کے ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

نرخ مقرر کئے ہیں پوچھنے والا کوئی نہیں ادارے صرف دفتر میں کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں آئے روز حکومت کی جانب سے مہنگائی کے مہنگائی کے بیانات تو دیئے جاتے ہیں لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومتی دعوے اور بیانات صرف شوشہ ہیں آئے روز مہنگائی کم ہونے کی بجائے تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ دیہاڑی دار اور متوسط طبقے دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں۔ ٹماٹر 150 سے 200 روپے، آلو 120 سے 150 روپے فی کلو، پیاز 100 سے 120 روپے، لہسن 650 روپے، ادرک 550 روپے، پھول گوبھی 100 روپے، بند گوبھی 90 سے 100 روپے، مٹر 250 سے 300 روپے، کدو 120 روپے، توری 200 روپے، کریلا 160 روپے، فراش بین 150 روپے فی کلو، سیب 300 روپے، کیلا 100 روپے، امرود 150 روپے، لیموں 150 روپے، چیکو 200 روپے کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔

### خضدار ٹیچنگ ہسپتال کی ڈائیلسس مشین خراب مریضوں کو مشکلات

**ٹیچنگ ہسپتال میں موجود ڈائیلسس یونٹ کی مشین گزشتہ دو ماہ سے خراب پڑی ہے**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار ٹیچنگ ہسپتال میں ڈائیلسس مشین دو ماہ سے خراب مریضوں کو شدید مشکلات کا شکار خضدار کے ٹیچنگ ہسپتال میں موجود ڈائیلسس یونٹ کی مشین گزشتہ دو ماہ سے خراب پڑا ہے، جس کی وجہ سے گردے کے مریضوں شدید اذیت اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مریضوں کو علاج کے لیے دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑ رہا ہے جو نہ صرف مالی طور پر مہنگا ہے بلکہ وقت بھی ضائع ہو رہی ہے خضدار کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سیکرٹری صحت بلوچستان کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لیں اور خراب ڈائیلسس مشین کی مرمت یا تبدیلی کو یقینی بنائیں تاکہ مریضوں کو مزید وقت اور پریشانی کا سامنا نہ ہو خضدار مقامی مریضوں کے ورثاء کا کہنا ہے کہ ہسپتال کے مبینہ طور پر موجودہ نااہل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی نااہلی کی وجہ سے ڈائیلسس مشین دو ماہ سے خراب پڑا ہے، لیکن اس حوالے سے کوئی عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیچنگ ہسپتال کے نااہل انتظامیہ کی ناقص کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور مریضوں کو فوری طور ریلیف فراہم کیا جائے کیونکہ اس طرح کی صورتحال صحت کے شعبے پر سوالیہ نشان ہے، اور عوام امید کرتے ہیں کہ اعلیٰ حکام فوری کارروائی کر کے اس مسئلے کو حل کریں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں 3 گھنٹے کی علامتی ہڑتال جاری

**ہسپتالوں کو پرائیویٹ پارٹنرشپ پر چلانے کے فیصلے کو واپس لینے، ہیلتھ کمیٹیوں کے سربراہ ٹیکنیکل ملازمین کی بجائے محکمہ صحت سے مقرر کرنے، محکمہ صحت میں کنٹریکٹ کی بجائے مستقل بھرتیاں عمل میں لائی جائیں، گرینڈ ہیلتھ الائنس**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈیز میں 3 گھنٹے کی علامتی ہڑتال کا سلسلہ جاری ہے، جس کا مقصد ڈاکٹرز کی جائز مطالبات کو اجاگر کرنا ہے اس اقدام کا مقصد حکومت کو ان مطالبات کی جانب توجہ دلانا ہے تاکہ صحت کے نظام میں بہتری لائی جا سکے گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ نے کہا ہے کہ عدالت نے ہمارے موقف کو سنے بغیر فیصلہ دیا، جس کے بعد ہم اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج جاری رکھیں گے۔ تاہم، انہوں نے مریضوں کے لیے مشکلات کی مکمل آگاہی دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ یہ ہڑتال صرف علامتی ہے اور اس کا مقصد صرف حکومت کو مطالبات کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس نے اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر چلانے کے فیصلے کو واپس لینے، ہیلتھ کمیٹیوں کے سربراہوں کو ٹیکنیکل ملازمین کی بجائے محکمہ صحت سے مقرر کرنے، اور محکمہ صحت میں کنٹریکٹ کی بجائے مستقل بھرتیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان اقدامات کا مقصد صحت کے شعبے میں دیرپا اصلاحات لانا اور ڈاکٹروں کے لیے بہتر ورکنگ کنڈیشنز فراہم کرنا ہے۔ یہ احتجاج عوامی صحت کے نظام میں اصلاحات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اور حکومتی اداروں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ صحت کے شعبے میں معیاری اور مستقل بہتری کے لیے عملی اقدامات کریں تاکہ مریضوں کو بہتر علاج کی سہولت میسر آ سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 12 DEC 2024

Page No. 22

## نیشنل پارٹی کا گیس پریشر میں کمی اور بندش کیخلاف شدید احتجاج ہائیکورٹ کے سامنے دھرنا

شدید اور خون جما دینے والی سردی نے معمولات زندگی متاثر کر دیئے، بچے، بزرگ مریض خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، چنگیز حئی

احتجاج و دھرنے کے باعث ٹریفک جام، لوگ کئی گھنٹے ٹریفک میں پھنسے رہے، مظاہرین کا گیس پریشر بڑھائے جانے کا مطالبہ، نعرے بازی کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گیس پریشر میں کمی اور بندش کے خلاف نیشنل پارٹی علمدار یونٹ کے زیر اہتمام سرینا ہوٹل کے قریب بلوچستان ہائیکورٹ کے سامنے سڑک بند کر کے احتجاجاً دھرنا دیدیا جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے سے شہریوں نے متبادل راستہ اختیار کیا ٹریفک کی دباؤ کی وجہ سے ملحقہ سڑکیں جام رہیں جس کی وجہ سے لوگ کئی گھنٹے ٹریفک میں پھنسے رہے۔ احتجاجی دھرنے میں خواتین .......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اور بچے سمیت اہل علاقہ کے لوگ بڑی تعداد میں موجود تھے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ، علمدار روڈ یونٹ کے رہنماء ڈاکٹر محمد رمضان ہزارہ، سائرہ بتول نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شدید اور خون جما دینے والی سردی نے معمولات زندگی متاثر کر کے رکھ دی ہے شدید سردی میں گیس پریشر کی کمی اور بندش نے مشکلات بڑھا دی ہے جس کی وجہ سے بچے، بزرگ، مریض، خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں ٹھنڈ سے لوگ بیمار ہو رہے ہیں۔ سوختنی لکڑی، اور ایل پی جی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں۔

## کوئٹہ کے تاجر کا دس سالہ بیٹا تاحال بازیاب نہ ہوسکا

### مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور چیمبر آف کامرس کا مشترکہ اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے تاجر کا دس سالہ بیٹا تاحال بازیاب نہ ہوسکا۔ دھرنا کمیٹی نے محمد مصور کاکڑ کی عدم بازیابی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔ دھرنا کمیٹی کے ممبر سابق رکن بلوچستان اسمبلی نصر اللہ زیرے کے مطابق محمد مصور...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کی بازیابی کے لیے دھرنا مینٹی کا اجلاس ہوا جس میں جس میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور چیمبر آف کامرس کے عہدے دار شریک ہوئے۔ اجلاس میں آل پارٹیز میں شامل سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ عام آدمی مہنگائی کے ہاتھوں پس گیا قوت خرید جواب دینے لگی

دکانداروں، سبزی، دودھ، گوشت فروشوں نے اپنی مرضی کے نرخ مقرر کیے ہیں پوچھنے والا کوئی نہیں، عوامی حلقے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کی وجہ سے لوگوں کی قوت خرید نے جواب دے دی اشیاء خورد نوش، سبزیاں، پھل سمیت دیگر ضرورت کا سامان لوگوں کے پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے دکانداروں، سبزی، دودھ، گوشت فروشوں نے اپنی مرضی کے نرخ مقرر کیے ہیں پوچھنے والا کوئی نہیں ادارے صرف دفتر میں کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں آئے روز حکومت کی جانب سے مہنگائی کے بیانات تو دیے جاتے ہیں لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومتی دعوے اور بیانات صرف شوشہ ہے آئے روز مہنگائی کم ہونے کی بجائے تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ دیہاڑی دار اور متوسط طبقے دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں۔ ٹماٹر 150 سے 200 روپے، پیاز 100 سے 120 روپے، لہسن 650 روپے، ادرک 550 روپے، پھول گوبھی 100 روپے، بند گوبھی 90 سے 100 روپے، مٹر 250 سے 300 روپے، کدو 120 روپے، توری 200 روپے، کریلا 160 روپے، فراز بین 150 روپے فی کلو، سیب 300 روپے، کینو 100 روپے، امرود 150 روپے، لیموں 150 روپے، چکو 200 روپے کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔۔ عوامی حلقوں نے حکومت، پرائس کنٹرول اور اشیاء خورد نوش کی قیمتیں تعین کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ روزہ مرہ اشیاء کے سستے داموں فروخت کو یقینی بنانے کے لئے اپنا کردار کریں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: میزان

Bullet No. 6

Dated: 12 DEC 2024 Page No. 23

## بلدیاتی اداروں کی فعالیت!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سوئی میونسپل کمیٹی کے نئے دفتر کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کی فعالیت چاہتے ہیں۔ہم نے کارکردگی مشروط بلدیاتی اداروں کے فنڈز میں غیر معمولی اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔مقامی سطح پر عوامی مسائل حل ہونے سے عوام کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ آنے کی مشکلات نہیں جھیلنی پڑیں گی۔عوام کے بیشتر مسائل مقامی سطح پر ہی ہوتے ہیں۔بلدیاتی ادارے فعال کردار ادا کریں تو صوبائی مشینری پر غیر ضروری دباؤ کم ہوگا۔

بلدیاتی اداروں کی فعالیت سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان بڑی اہمیت کا حامل اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔کیونکہ بلدیاتی اداروں کی فعالیت بہت ہی ضروری ہے۔یہ ایسے ادارے ہیں جو بنیادی اہمیت کے حامل ہیں یہ عوام کے چھوٹے چھوٹے مسائل حل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ان کے فنڈز میں جو غیر معمولی اضافے کا فیصلہ کیا ہے یہ اداروں کی بہتری کی جانب اہم قدم ہے۔لیکن یہاں اس بات کا ذکر کرنا از حد ضروری ہے کہ اس فنڈز سے متعلق چیک اینڈ بیلنس کا نظام ضروری ہے کیونکہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں ماضی میں بھی ایسا ہوتا رہا ہے کہ جو فنڈز عوامی فلاح و بہبود کے لیے فراہم کئے جاتے رہے وہ کئی اور خرچ ہوتے رہے اور اس طرح عوامی مسائل جوں کے توں رہے۔

اس وقت صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو کہ بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے اب تک بلدیاتی انتخابات سے محروم ہے جب کہ باقی پورے صوبے میں بلدیاتی انتخابات کو ہوئے ایک عرصہ گزر گیا ہے لیکن یہاں عوام کو اس سے محروم رکھا گیا ہے جو کہ ان کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے کیونکہ یہ ان کا حق ہے جو ان کو حاصل نہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 6 Dated 12 DEC 2024 Page No 2-4


## ڈپٹی کمشنرز کے غیر فعال اکاؤنٹس میں 46 کروڑ 40 لاکھ موجود

بلوچستان کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے ڈپٹی کمشنرز کے غیر فعال اکاؤنٹس کو فوری طور پر بند کر کے فنڈز قومی خزانے میں منتقل کرنے اور زمین مالکان کو فوری معاوضے کی فراہمی کی ہدایت کی ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں عوامی زمینوں کے معاوضے، غیر فعال اکاؤنٹس اور عوامی فنڈز کے استعمال نہ کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران انکشاف ہوا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے پاس 33 بینک اکاؤنٹس ہیں، جن میں سے 9 غیر فعال ہیں اور 11 کروڑ روپے ان غیر فعال اکاؤنٹس میں موجود ہیں، مجموعی طور پر مختلف ڈپٹی کمشنرز کے سیکڑوں غیر فعال اکاؤنٹس میں 46 کروڑ 40 لاکھ روپے موجود ہیں جو غریب عوام کے پیسے ہیں اور یہ کئی سالوں سے گمشدہ ہیں، جس سے صرف اور صرف پرائیویٹ بینکوں کو فائدہ مل رہا ہے اور ان رقم کا بینک منیجر کو صلہ مل رہا ہے، پی اے سی نے ہدایت کی کہ تمام غیر فعال اکاؤنٹس کو فوری طور پر بند کیا جائے اور فنڈز قومی خزانے میں منتقل کیے جائیں۔

کمیٹی نے عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختص فنڈز کے استعمال میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا۔ چیئرمین نے زمین مالکان کو معاوضہ فوری فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے رپورٹ کیا کہ زمین کے حصول کے لیے مختص 12 ارب روپے میں سے 1.7 ارب روپے ابھی تک موجود ہیں۔ پی اے سی نے بینک اکاؤنٹس کے اعداد و شمار میں تضاد پر بھی غور کیا، ڈپٹی کمشنر ژوب نے دعویٰ کیا کہ ان کے پاس ایک اکاؤنٹ ہے جبکہ پی اے سی کی اسٹیٹ بینک سے وصول کی گئی رپورٹ کے مطابق ڈی سی ژوب کے دفتر کے ساتھ منسلک 11 اکاؤنٹس ہیں جن میں غیر استعمال شدہ فنڈز ابھی تک تقسیم نہیں کیے گئے، اسی طرح ڈپٹی کمشنر گوادر نے 10 اکاؤنٹس کی تصدیق کی جبکہ اسٹیٹ بینک کے مطابق 43 اکاؤنٹس رپورٹ کیے گئے جن میں 14 کروڑ 23 لاکھ روپے 2015 سے غیر استعمال شدہ ہیں۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ صرف ڈی سی گوادر کے اکاؤنٹس میں 14 ارب 28 کروڑ روپے موجود ہیں جو استعمال نہیں ہو رہے ہیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے ہدایت کی کہ تمام غیر فعال اکاؤنٹس کا خاتمہ کر کے غیر استعمال شدہ فنڈز کو فوری طور پر قومی خزانے میں منتقل کیا جائے، معاوضے کی تقسیم میں تیزی لانے میں ای پی سپرے اور زمین کے حصول کے لیے مختص فنڈز کو جلد از جلد عوامی ریلیف کے لیے استعمال کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنرز کو بورڈ آف ریونیو اور محکمہ خزانہ سے مشاورت کر کے ابہام ختم کرنے کی ہدایت کی گئی۔

اتنا پیسہ جو غریب عوام پر استعمال ہونے کے لیے دیا گیا تھا وہ اس طرح غیر فعال اکاؤنٹس میں موجود ہے اور اس سے بینکوں اور منافع لینے والوں کو فائدہ ہو رہا ہے یہ کرپشن کی ایک نئی مثال ہے کہ آپ سرکاری پیسہ اکاؤنٹس میں رکھیں اور اس پر منافع حاصل کریں، اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہئیں، صوبے میں سیکڑوں غیر فعال اکاؤنٹس میں پیسے رکھے ہوئے ہیں، کیا یہ کوتاہی فرائض سے غفلت کے زمرے میں نہیں آئے گی۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس مقصد کے لیے یہ فنڈز مختص کیے گئے تھے اس پر خرچ کیوں نہیں ہوئے؟ ہر وفاقی، صوبائی حکومت فنڈز کی کارروائی ہے اور بلوچستان عوام کو بے وقوف بنانے میں لگی رہتی ہے، اگر یہ فنڈز اس وقت ہی خرچ ہوتے جب آئے تو اچھا خاصا کام ہو سکتا تھا، اب ظاہری بات ہے، مہنگائی کے باعث یہ اتنی بڑی رقم نہیں لگ رہی لیکن آج سے نو، دس سال قبل کی رقوم بھی موجود ہیں جو اس وقت کافی تھیں۔ اس کی بھی اعلیٰ سطح تحقیقات ہونی چاہئیں کہ یہ رقوم کیوں استعمال نہیں ہوئیں، اور آیا یہ اکاؤنٹس فکسڈ یعنی سیونگ اکاؤنٹ ہیں جن پر سالانہ منافع ملتا ہے اور اگر ایسا ہے تو ملنے والا منافع کون حاصل کرتا رہا؟ یہ سب عوام کے سامنے آنا چاہیے اور ان ڈپٹی کمشنرز کے نام بھی سامنے لائے جائیں جو ان بڑی بڑی رقوم کے ہونے کے باوجود اپنے علاقوں میں کام نہیں کروا سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: انتخاب

Bullet No. 6

Dated: 11-12-24 Page No. 25


## بلوچستان میں شدید سردی، معمولات زندگی ٹھپ، اشیاء مہنگی

کوئٹہ، قلات سمیت بلوچستان بدستور شدید سردی کی لپیٹ میں ہے، دن بھر یخ بستہ ہوائیں چلتی رہتی ہیں، جس سے معمولات زندگی اور کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گئے گزشتہ کئی روز سے کوئٹہ اور قلات میں درجہ حرارت منفی میں ریکارڈ کیا گیا، خون جما دینے والی سردی کے باوجود مختلف شہروں کے صارفین سوئی گیس سے مکمل طور پر محروم ہیں تو دوسری طرف رہی سہی کسر بجلی کی بار بار غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے پوری کردی، جس سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گذشتہ روز کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 01، گوادر 10، قلات منفی 07، تربت 13، سبی 12 اور نوکنڈی میں 05 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، سخت سردی کی وجہ سے لوگوں کے معمولات زندگی متاثر ہے جبکہ یخ بستہ ہوائیں چلنے کے باعث بازار ویران ہورہے ہیں اور سرشام ہی سنسان ہوجاتے ہیں۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت دیگر شہروں میں سردی کی شدت بڑھتے ہی انڈوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ سرد موسم میں انڈوں کی طلب میں اضافے نے ان کی قیمتوں کو آسمان پر پہنچادیا ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، کوئٹہ میں فی درجن انڈے 400 روپے کی بلندترین قیمت پر فروخت ہورہے ہیں۔ اس قدر بلند قیمتوں نے غریب عوام کو انڈوں جیسی بنیادی خوراک سے بھی محروم کردیا ہے۔ اس کے علاوہ کوئٹہ کی خشک، میوہ جات مارکیٹ میں کاجو، بادام، پستہ اور انجیر جیسی اشیا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، کاجو اور پستے کی قیمتیں دگنی ہوچکی ہیں جبکہ بادام اور انجیر جیسی اشیا خریدنا بھی اب عوام کے بس میں نہیں رہا۔ یہ اشیا کبھی سردیوں میں ہر گھر میں کھائی جاتی تھیں لیکن اب صرف چند خوشحال افراد ہی انہیں خرید سکتے ہیں۔ حکومت کو خشک میوہ جات کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، اشیاضروریہ ہر کسی کے لیے قابل رسائی ہونا چاہیے، خشک میوہ جات جنہیں صحت کے لئے فائدہ مند اور قوت مدافعت بڑھانے والا سمجھا جاتا ہے، بلوچستان کے سرد موسم میں ایک اہم غذا کی حیثیت رکھتے ہیں، ایک اور قوت مدافعت بڑھانے والی غذا پائے کی قیمتوں میں بھی بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آیا، بکرے کے پائے 1800 سے 2000 روپے فی درجن جبکہ گائے یا بیل کے پائے 1000 سے 1400 روپے میں فروخت ہورہے ہیں، قیمتوں میں اضافے کی بڑی وجہ گوشت کی سپلائی میں کمی اور سردیوں میں پائے کی زیادہ طلب بتائی جاتی ہے، لیکن دراصل اس کی ایک بڑی وجہ انتظامیہ کی عدم توجہی اور قیمتوں کے کنٹرول کرنے کے نظام میں خرابی اور ناکامی ہے، حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کو قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے فوری اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ سرد موسم میں عوام کو قوت مدافعت بڑھانے والی غذائیں میسر آسکیں اگر حکومت نے اس جانب توجہ نہیں دی تو یقینی طور پر سردی کی وجہ سے بیماریوں میں اضافہ ہوجائے گا اور بڑی تعداد میں بلوچستان کے عوام متعدد امراض میں مبتلا ہوجائیں گے۔ ادھر جیکٹس، کوٹ، جوتے اور جرابوں سمیت دیگر گرم اشیا کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ مارکیٹ میں یہ اشیا دگنی قیمتوں میں فروخت ہورہی ہیں۔ سمجھ نہیں آرہا اس جمہوری دور میں ہر چیز عوام کی پہنچ سے دور کیوں ہوتی جارہی ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے مہنگائی میں کمی نہ کی اور قوت مدافعت بڑھانے والی خوراک کی عوام تک آسان اور سستی رسائی کو یقینی نہیں بنایا تو سردیوں میں پھیلنے اور پنپنے والی سنگین بیماریوں میں اضافہ ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 12 DEC 2024 Page No. 28


# جامعہ گوادر میں ثقافتی و کاروباری کانفرنس کا احوال

گوادر کی تاریخ میں پہلی بار یونیورسٹی آف گوادر کے زیر اہتمام ایک تاریخی اور انتہائی اہمیت کا حامل دو روزہ ،، کلچرل اینڈ بزنس ،، کے نام سے گالہ منعقد کیا گیا۔ اس عظیم میگا ایونٹ کی کامیابی کا سہرا پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر صاحب اور یونیورسٹی آف گوادر کے میل و فیمیل فیکلٹی ممبران اور طالب علموں

## تحریر: غلام یاسین بزنجو



سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے سر جاتا ہے۔ یقیناً یہ ایک ہمہ جہت اور دور رس نتائج و اثرات کے حامل پروگرام ثابت ہوگا۔ اس تاریخی میگا ایونٹ میں مرد خواتین کی بڑی تعداد اس بات کی گواہی دے گی کہ یہ دو روزہ میگا ایونٹ ہمارے آنے والی نسلوں کے لئے سنگ میل ثابت ہونے میں اہم کردار ادا کرے گی چونکہ راقم بذات خود بنفس نفیس اس عظیم اور شاندار پروگرام میں دو دن تک بحیثیت مہمان وہاں موجود تھا، اور اس بڑے پیمانے کے میگا ایونٹ کی ہر

ایونٹ میں گوادر کے خواتین کی کردار کو کسی بھی طرح نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ میرے خیال میں کوئی بھی



اسٹال ایسا نہیں تھا، جہاں خواتین کی نمائندگی نہ ہو ثقافتی بلوچ روایتی خوراک سے لیکر فن، آرٹ، کتاب سے لیکر روایتی بلوچی کیشدہ کیئے گئے کپڑے تقریب میں کلچرل اور بزنس دونوں کا یہ جوڑ بھی بلوچ معاشرتی و ثقافتی چیزوں سے مزین تھی۔
دوسری طرف مختلف سرکاری و غیر سرکاری یعنی پرائیوٹ سیکٹر کے اسکول کے بچے/ بچیاں انتہائی لگن اور دلچسپی سے اپنے اپنے سائنسی پروجیکٹ ( ماڈل ) سجائے ہوئے تھے۔ ہر کوئی شرکاء کو اپنے اپنے گروپ کے بنائے گئے پروجیکٹ ( ماڈل ) پر بریفنگ دینے میں مصروف عمل تھا۔ ان معصوم بچوں اور بچیوں کی بنائی ہوئی سائنسی بنیادوں پر پروجیکٹ سے یہ صاف نظر آ رہا تھا کہ یہ بچے

تحقیقی، فنی و سائنسی بنیادوں پر میگا ایونٹ کی انعقاد سے یقیناً علاقے کے نوجوانوں میں مثبت اثرات پڑیں گے، جو کہ ہر ذی شعور انسان کا بنیادی مقصد اور ضرورت بھی ہے۔ گوادر جیسے شہر جہاں مستقبل میں بڑے پیمانے پر ترقی کی باتیں کی جا رہی ہیں،



اور یہ بات حقیقت ہے کہ ہمارے نوجوان نسل میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ نوجوان نسل اپنی تمام تر توجہ جدت، تعلیم اور کاروبار کا ہنر سیکھ کر خود کو ہر طرح کے مستقبل کے چیلنجز کے لئے ابھی سے تیار رکھے۔
دنیا کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں تو وہاں ہمیں کی تاریخ



میں ہمیں دیگر افراد کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کی تعلیم کے میدان میں محنت، لگن اور دلچسپی واضح

نظر آتی ہے، جو مسلمہ حقیقت بھی ہے۔ یونیورسٹی آف گوادر کے قیام سے قبل اگر ہم گوادر پر نظر دوڑائیں تو ماضی اس بات کی گواہ ہے کہ گوادر میں تعلیم کا شعبہ میں نوجوان نسل خصوصاً خواتین میں اتنے بڑے پیمانے پر تعلیم کے میدان میں وہ لگن اور دلچسپی کہیں نظر نہیں آئی، جو کہ یونیورسٹی آف گوادر کے قیام کے بعد نظر آ رہا ہے۔ بالکل نوجوان نسل کی مائنڈ سیٹ مکمل طور پر تبدیل ہو کر تعلیم کی جانب راغب ہوئے ہیں۔
گوادر میں جس طرح کی اعلیٰ سطح کا شاندار دو روزہ ،، گالہ کلچرل اینڈ بزنس ،، کے موضوع پر منعقد کیا گیا، یہ ایک انتہائی حوصلہ افزاء عمل تھا۔ ایسے پروگرام منعقد کر کے نئی نسل کی بہتر رہنمائی کی جا سکتی ہے۔ اس میگا ایونٹ میں مجھے سب کا رول نظر آیا لیکن جس طرح ہمارے ایک انتہائی معزز مہمان جو کہ دونوں میں وہاں پر موجود طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کر رہے تھے، مجھے بہت زیادہ خوشی محسوس ہوا۔ وہ ہمارے مکران کے ڈی

آئی جی پرویز عمرانی صاحب تھے۔ وہ بذات خود ہر جگہ سائنسی تحقیق اور فنی و ادبی اسٹالز پر آ کر طالب علموں سے انتہائی گرم جوشی سے مل رہے تھے، ان کی بہترین کارکردگی پر انہیں داد دے رہے تھے۔ طالب علم پرویز عمرانی صاحب سے ملکر خوشی محسوس کر رہے تھے۔ دوسری شخصیت خود

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر صاحب تھے جو کہ طلباء کو انکریج کر رہے تھے۔



چیز کو نوٹ بھی کرتا رہا تاکہ آنے والے دنوں میں اس پر اپنی رائے اور تجزیہ پیش کر سکوں۔ یونیورسٹی آف گوادر کے اس کلچرل اینڈ بزنس گالہ کی سب سے بڑی کامیابی اور خوبصورتی یہ تھی کہ اس میگا

بلوچستان کے مستقبل کے عظیم شاہکار ہیں۔ بشرطیکہ ان کی بہترین حکمت و دانائی سے رہنمائی کیلئے تمام سہولتوں سے لیس ادارے اور اساتذہ موجود ہوں۔ کسی بھی علمی ادارے کے لئے اس طرح کے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7

Dated: 11 DEC 2024 Page No. 27


# Balochistan promises merit-based hiring

## CM warns negleigence will not be tolerated


SYED ALI SHAH
QUETTA


As the Balochistan government sets itself to reopen as many as 3,000 closed schools, the province's chief minister has emphasised ensuring 100% merit in contract-based appointments within the education department.

Speaking over the phone with Dera Bugti Deputy Commissioner Zohaibul Haq on Tuesday, he firmly stated that no compromises on merit would be tolerated.

The CM stressed that appointments must strictly adhere to eligibility criteria, ensuring that only deserving candidates are hired. He instructed that FIRs be lodged against applicants presenting fake degrees.

"There will be no preferences or biases; even opponents will be appointed if they meet the merit requirements," said CM Bugti.

Deputy Commissioner Zohaibul Haq assured that the recruitment process would be transparent, and in line with government directives. He added that district education officers have been tasked with verifying academic credentials thoroughly. "Immediate action will be taken against candidates found using bogus degrees," the DC assured.

The Balochistan government is also gearing up to reopen 3,000 schools across the province. Thousands of teachers are to be hired on a contract basis to meet the increasing demand for education and boost enrollment rates.

This initiative reflects the government's commitment to improving the education sector and ensuring equal opportunities for all.

Balochistan faces a severe educational crisis characterized by a significant number of closed schools and a high dropout rate. As of September 2024, official data indicates that approximately 3,694 schools have ceased operations due to a critical shortage of teachers. This includes 254 schools in Pishin, 251 in Khuzdar, and 152 in Quetta.

The province's education system is further strained by infrastructural deficiencies. Reports reveal that 1,964 schools lack proper buildings, and about 0.8 million children of school-going age are not being educated.

Additionally, many schools operate with minimal resources as around 11,000 schools lack electricity, approximately 10,000 schools lack water facilities, and 1,800 are bereft of washrooms.

# Rs10m approved for cleaning drive

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has issued orders to provide a Rs10 million grant to Municipal Committee Sui for a comprehensive cleanliness drive in Sui Town. He also announced the provision of a fire brigade, two dumping trucks, and three loaders for solid waste management. The CM ordered the provision of laptops for students of Sui Cadet College. He issued these orders while addressing the Cadet College ceremony and visiting the Town Committee Sui during a one-day visit to the town. Sui Town Committee Chairman Izzatullah Bugti and locals thanked the Cm for the steps taken to resolve their problems. Bugti stated that the provision of quality education and healthcare is a top priority of his government, and no negligence would be tolerated in this regard. APP

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 DEC 2024 Page No.



[illegible] جات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان رورل سپورٹ پروگرام کے نئی تجاویز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 DEC 2024 Page No.



صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران بیرسٹر گوہر سے ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی رجسٹرار ڈاکٹر راحیلہ منگور کو بہترین کارکردگی پر شیلڈ دے رہی ہیں